# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکس

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے اور اُس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔ جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **"جواب بتاؤ، انعام پاؤ"** کی تکنیک استعمال کریں۔
- اس تکنیک میں مچھلی اُٹھانے والے بچے سے اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ اگر وہ اس لفظ کا جملہ نہ بنا پائے تو جماعت میں سے کسی اور بچے کا نام لے کر اسے جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ یہ تکنیک محض تدریس کو دلچسپ بنانے کے لیے ہے۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 84 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "مرہم پٹی" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور معانی لکھیں: "زخموں پر دوا لگا کر پٹی باندھنا"۔
- اسی طرح یہ مشق باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں پانچ غبارے ہوں جن پر مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے پانچ سوالات لکھے ہوں، ساتھ پانچ چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ پانچ دھاگے ڈال کر دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔
- درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی ب دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

(الف) دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| مرہم پٹی کرنا | | پیروی کرنا | |
| حلف اُٹھانا | | خود اعتماد | |
| جذبہ ہونا | | ناگہانی آفت | |

(ب) دیے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

ا۔ اسکاؤٹس کون ہوتے ہیں اور انھیں کیا سکھایا جاتا ہے؟

______________________________

۲۔ بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ کی تنظیموں کی بنیاد کس نے رکھی؟

---

۳۔ پاکستان میں اسکاؤٹنگ کی بنیاد کب رکھی گئی اور پاکستان کے پہلے چیف اسکاؤٹ کون تھے؟

---

۴۔ بوائے اسکاؤٹس کے کتنے درجے ہوتے ہیں؟

---

۵۔ اسکاؤٹ بنتے وقت کون کون سے اُصولوں کا حلف اُٹھایا جاتا ہے؟

---

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔
سبق کا خلاصہ لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، جملوں پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوں، بچوں کو سلام کریں اور ان سے جواب لیں۔ جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنالیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی تعداد کے مقابلے میں ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق کی مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے ہوئے سوالات میں سے کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو ایک بار سبق "بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب کتاب کے صفحہ نمبر 85 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں، جن پر چار ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے تین غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے دو کارڈ اس حساب سے کل 10 کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔

- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 3 کے تحت دیئے ہوئے جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے صحیح اور غلط ہونے کی نشان دہی کروائیں۔
- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق کے مطالعے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب چاروں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دے دیں۔ ان سے کہیں کہ وہ آپس میں مل کر سبق کا خلاصہ ایک دوسرے کو بتائیں اور پھر اسے شیٹ پر تحریر کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ خلاصہ کسی بھی سبق کا ایک تہائی ہوتا ہے۔ جس میں سبق کے تمام اہم نکات کو مربوط پیرا گراف کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ مشکل الفاظ اور تراکیب کو آسان انداز میں لکھا جاتا ہے۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ شیٹ پر لکھا ہوا خلاصہ جماعت کے بچوں کو پڑھ کر سنائے۔ اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ الفاظ کا بہترین چُناؤ کرتے ہوئے، جامعیت کے ساتھ خلاصہ سنائے، اسے خصوصی شاباش دی جائے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے درست جواب کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ | |

**مقاصد:** علامتِ فاعل "نے" اور علامتِ مفعول "کو" کا صحیح استعمال کر سکیں۔
عددی ترتیب کا جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، بورڈ، کتاب "اُردو پنجم"، گتّے کا پہیا، چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی قلفیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور اُن کی خیریت معلوم کریں۔ گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ "پہیا گھُماؤ، جواب بتاؤ" کا کھیل کھیلیں۔ کسی گتّے کی مدد سے یہ پہیا تیار کریں اور اس پر دس مختلف رنگوں کے ڈبے بنا دیں ۔ان ڈبوں کے اندر ۱ تا ۲۰ کوئی سے بھی دس اردو ہندسے لکھ دیں۔
- خیال رکھیں کہ ایک ڈبے میں صرف ایک ہندسہ لکھا ہوا ہو۔ جماعت میں سے مختلف بچوں کو بُلائیں اور ان سے پہیا گھُمانے کو کہیں۔ پہیہ گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے، بچے سے بورڈ پر وہ ہندسہ اردو گنتی میں لکھنے کے لیے کہیں۔ جیسے: ۲۰ وہ لکھے گا بیس۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔ درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بورڈ پر چند جملے لکھ دیں ۔ جیسے:

سارہ نے پودوں کو پانی دیا۔ استاد نے بچوں کو سبق پڑھایا۔ امی نے احمد کو نصیحت کی۔

- بورڈ پر لکھے اِن جملوں کی بچوں سے با آوازِ بلند پڑھائی کروائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ اِن تمام جملوں میں ایک چیز یکساں ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں وہ کیا ہے؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں "نے" اور "کو" کو خط کشید کر دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ اِن جملوں میں وہ یکساں چیز "نے" اور "کو" کا استعمال ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم علامتِ فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" کے بارے میں پڑھیں گے۔ بچوں سے فاعل کی تعریف پوچھیں۔ ساتھ ساتھ فاعل کی تعریف بورڈ پر لکھ دیں۔

☆ فاعل: "کام کرنے والے کو فاعل کہتے ہیں"۔ ☆ مفعول: "جس اسم پر کوئی کام ہو رہا ہو، اُسے مفعول کہتے ہیں"۔

- سوال نمبر 8 میں دی گئی عبارت کی بلند خوانی پہلے خود کریں، بعد ازاں بچوں سے کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ عبارت کی خالی جگہوں پر درست علامتِ فاعل اور مفعول لگا کر عبارت مکمل کریں۔

| |
|---|
| • اب بچوں سے کہیں وہ وہ کاپیاں کھولیں اور علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" پر مشتمل عبارت لکھیں۔ اس دوران میں کمرا جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو، ان کی رہنمائی کریں۔<br>• سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لیے دیئے گئے تمام الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔ اب متفرق بچوں کو بلائیں اور ان سے الفاظ کے شروع میں نا لگوا کر الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔<br>• جماعت میں لغت لائیں اور بچوں سے ان الفاظ کے معانی لکھنے کے لیے کہیں۔ انھیں جہاں مدد کی ضرورت ہو، ان کی رہنمائی کریں۔<br>• اب بورڈ پر "گیارہ" لکھیں اور اس کے سامنے عددی ترتیب "گیارھواں، گیارھویں، " لکھیں۔ بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ الفاظ گیارھواں، گیارھویں، عددی ترتیب ہیں۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ وہ الفاظ جو چیزوں کی ترتیب اور درجوں کو ظاہر کریں "عددی ترتیب" کہلاتے ہیں۔<br>• اب بورڈ پر اعداد (18، 22، 24، 31، 36، 48) لکھ دیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان کی عددی ترتیب لکھیں۔<br>• اب بچوں کے 4 گروہ بنا دیں اور سوال نمبر 11 کے تحت دیے ہوئے اعداد کی پرچیاں ان میں تقسیم کر دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اعداد کی درست عددی ترتیب لکھ کر انھیں مکمل کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں، جس گروہ کے پاس اس جملے کی پرچی آئی ہو گی، اس کا کوئی بچہ آ کر بورڈ پر درست اعداد کی عددی ترتیب لکھے گا۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق اعادہ کروائیں، غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر نامکمل جملے لکھ دیں، جن میں علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے جملے مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (5 منٹ) بچوں سے کہیں کہ علامت فاعل "نے" اور علامت مفعول "کو" پر مبنی تین تین جملے اپنی کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ | |

**مقاصد:** محاورات کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر دس جملے لکھ سکیں۔
اسکولوں کے مابین تقریری مقابلوں میں حصہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، آنکھوں پر باندھنے کے لیے کپڑا، محاورات کی چار پرچیاں، سوال نمبر 12 میں دیے گئے محاورات پر مبنی پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔
- اب بچوں کے ساتھ کھیل کھیلیں، جس کا نام ہے: Blind Fold یعنی آنکھوں پر پٹی باندھنا۔
- کوئی سے چار مختلف محاورات کی چار پرچیاں بنالیں اور انھیں بند کر کے کسی ٹوکری میں رکھ دیں۔ بچوں کے چار گروہ بنائیں۔ کوشش کریں کہ ہر گروہ میں بچوں کی تعداد یکساں ہو اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی ہو۔ ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے ایک پرچی اُٹھانے اور واپس اپنی جگہ پر جا کر اسے کھولنے کی ہدایت دیں۔ اس سرگرمی سے تینوں گروہوں کے پاس تمام الفاظ کی پرچیاں چلی جائیں گی۔
- اب بچوں کو دو منٹ کا وقت دیں کہ وہ اِن پرچیوں کو کھول کر ان پر لکھے ہوئے محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان میں کسی جگہ کھڑا کر دیں۔ اسے کہیں کہ اس کے گروہ کے پاس جو محاورہ آیا تھا، وہ جماعت کے بچوں کو بتائے اور پھر آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی گروہ کے کسی بھی بچے کو چھوئے۔ وہ جس بچے کو چھوئے گا، وہ بچہ جلدی سے اٹھ کر اس محاورے کا استعمال کرتے ہوئے کوئی جملہ بتائے گا۔ درست جملہ بتانے پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو اس کا موقع دیا جائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے درست جواب بتائے ہوں گے، تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے محاورات کی تعریف پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں دوبارہ نرمی سے بتادیں۔ سب سے پہلے بچوں کو محاورے کی تعریف بتائیں اور استعمال استقرائی طریقے سے سکھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا وہ مجموعہ جو اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال ہو اسے "محاورہ" کہتے ہیں۔

جیسے :"سبز باغ دکھانا "کا حقیقی مطلب تو سبز باغ دکھانا ہے لیکن مجازی معنی میں اس سے مراد " فریب دینا"ہے۔ اس لیے اسے محاورہ کہتے ہیں۔

- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں محاورات اور دوسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ محاورات والے کالم میں سوال نمبر 12 کے تحت دیے گئے محاورات لکھ دیں۔ بچوں کو پہلے محاورے کا مفہوم بتائیں اور انھیں اس کو جملے میں استعمال کرنے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلا ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی محاورات پر بھی کروائیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ اب پانچ پرچیوں پر سوال نمبر 12 میں دیے گئے محاورات لکھ لیں۔ ان پرچیوں کے خط کے لفافے بنالیں۔ پانچ کاغذ کے جہاز بنا کر ان خطوط کو ان میں رکھ کر متعلقہ گروہوں کی طرف پھینکیں اور ہر گروہ کو جہاز کو پکڑنے کی ہدایت دیں۔
- جب ہر گروہ کو مطلوبہ جہاز مل جائے تو ان سے کہیں کہ وہ جہاز میں سے خط نکال کر اس پر لکھا ہوا محاورہ پڑھیں اور اس کا استعمال کرتے ہوئے پرچی کی دوسری جانب اس کا جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی محاورہ بولیں، جس گروہ کے پاس اس پر مبنی جہاز آیا ہو گا، اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر محاورات والے کالم میں وہ محاورہ تلاش کر کے اس کے سامنے اس سے متعلقہ جملہ لکھے گا۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 13 میں پوچھا گیا سوال بورڈ پر لکھیں: اسکاؤٹنگ تنظیم معاشرے کے لیے کیوں ضروری ہے؟
- بچوں سے پہلے اس پر گفتگو کریں پھر ان سے کہیں کہ اس پر دس جملے لکھیں۔
- بچوں کو تقریر کے لیے تیار کریں۔ بورڈ پر لکھیں: اِسکاؤٹنگ اور گرلز گائیڈ کی تربیت حاصل کرنا کیوں ضروری ہے؟
- تقریر کے لیے مواد مہیا کریں۔ بچوں سے جماعت میں تقریر تیار کروا کر مختلف اسکولوں کے درمیان تقریری مقابلے کا اہتمام کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 12 میں دیے گئے محاورات لکھ کر بچوں سے ان کا مفہوم پوچھیں اور ان کے جملے بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 12 کاپیوں پر حل کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: جادوئی آلات | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ، لَے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، مشکل الفاظ کے کارڈ، خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"، گیند

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے پوچھیں: آج کل معلومات حاصل کرنے کا تیز ترین ذریعہ کون سا ہے؟
- سائنس کی بہترین ایجاد کون سی ہے اور کیوں؟
- بچوں سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔
- اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بن کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر بآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 88 کھلوائیں۔
- سبق کو چار برابر حصوں میں تقسیم کرلیں۔ بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ ایک گیند پر 4 مختلف رنگوں کی پرچیاں چسپاں کر دیں جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔ ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے گیند آہستہ سے ہوا میں اچھالنے کے لیے کہیں۔ گیند کی اوپر کی جانب جو پرچی آئے، اسے اتار کر اس پر لکھا ہوا نمبر بتائے اور وہ پرچی اس بچے کو دے دیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے انھی جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- بچوں کو خاموشی سے تفویض کردہ جملوں / پیراگراف کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ بعد ازاں سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ بچوں کو سچ بولنے کی ضرورت و اہمیت سے آگاہ کریں۔ انھیں شیخ عبدالقادر جیلانی کے بارے میں بتائیں۔ نیز "کچھ نیا جانیں" میں دی گئی اضافی معلومات بھی بچوں کو دیں۔
- اب ہر گروہ سے سبق کی بلند خوانی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کو چنیں جنھوں نے گزشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ متن مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔
- اب بچوں کے 8 گروہ بنادیں۔ چھے آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔ اس کے بعد آئس کریم اسٹک کی دوسری جانب اس لفظ پر مبنی ایک جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: جادوئی آلات | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔
غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں، چارکارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرا جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں چار غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ چار چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین

دھاگے ڈال کر دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔ درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی ب دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان کے نیچے درست جوابات لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہوگی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں۔
- بچوں کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ کو ایک ایک کارڈ دے کر جملوں کے غلط اور صحیح ہونے کی نشاندہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں۔